# راولپنڈی بورڈ 2024ء

**معروضی طرز**

Inter-(Part-I)-A-2024
(For all sessions)

Roll No. ______ اُمیدوار خود پُر کرے

Paper Code 6967

اصول معاشیات

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D سے دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A,B,C اور D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**Note:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A, B, C & D to each question are given. Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A, B, C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

**سوال 1:**

1- رسد میں پھیلاؤ اور سکڑاؤ کی وجہ ہے:
**The cause of expansion and contraction in supply is:**
(A) Population آبادی (B) Taste پسند
(C) Custom & tradition رسم ورواج (D) Price قیمت

2- جب طلب اور رسد میں برابر اضافہ ہو تو توازنی قیمت:
**When demand & supply increases in equal rate then equilibrium price:**
(A) Increases بڑھ جاتی ہے (B) Decreases کم ہوجاتی ہے
(C) Remains same وہی رہتی ہے/تبدیل نہیں ہوتی (D) Becomes zero صفر ہوجاتی ہے

3- قانون تکثیر حاصل کا نفاذ ہوتا ہے:
**The law of increasing return is applicable on:**
(A) On Agriculture زراعت پر (B) On Industry صنعت پر
(C) On Trade تجارت پر (D) On Construction تعمیرات پر

4- معینہ مصارف اور متغیرہ مصارف کا مجموعہ ہے:
**The sum of fixed cost and variable cost is:**
(A) Total cost کل مصارف (B) Marginal cost مختتم مصارف
(C) Average cost اوسط مصارف (D) Total fixed cost کل معینہ مصارف

5- زمین کی رسد ہوتی ہے:
**The supply of land is:**
(A) Unlimited لامحدود (B) Variable معینہ (C) Fixed متغیرہ (D) Marginal مختتم

6- محنت کا معاوضہ کہلاتا ہے:
**The reward of labour is called:**
(A) Rent لگان (B) Wages اُجرت (C) Interest سود (D) Profit منافع

7- قومی آمدنی کی پیمائش کے طریقے ہیں:
**The national income measuring methods are:**
(A) 01 (B) 02 (C) 03 (D) 04

8- توازن ادائیگی میں شامل ہوتی ہیں:
**____ is/are included in balance of payments.**
(A) Visible goods مرئی اشیاء (B) Services خدمات
(C) Profit منافع جات (D) Visible & invisible goods مرئی اور غیر مرئی اشیاء

9- تفریط زر کے دوران زر کی قدر ہوتی ہے:
**During deflation the value of money:**
(A) Rises بڑھ جاتی ہے (B) Decreases کم ہوجاتی ہے
(C) Becomes zero صفر ہوجاتی ہے (D) Remains same وہی رہتی ہے

10- درآمدات و برآمدات پر عائد ٹیکس کہلاتا ہے:
**The tax imposed on imports and exports is called:**
(A) Sales tax سیلز ٹیکس (B) Income tax آمدنی ٹیکس
(C) Property tax جائیداد ٹیکس (D) Custom duty کسٹم ڈیوٹی

CS CamScanner

-11 معاشی سرگرمیوں کے اُتار چڑھاؤ کو کہا جاتا ہے:
**The rise and fall of economic activities is called:**

(A) افراطِ زر Inflation (B) تفریطِ زر Deflation
(C) تجارتی چکر Trade cycle (D) عالمی بحران World recession

-12 پاکستان میں حکومتی بجٹ کا دورانیہ ہوتا ہے:
**The duration of public budget in Pakistan is:**

(A) ایک سال One year (B) دوسال Two years (C) تین سال Three years (D) پانچ سال Five years

-13 کلاسیکی مکتبِ فکر کا بانی تھا:
**The founder of classical school of thought was:**

(A) ایڈم سمتھ Adam Smith (B) مارشل Marshall (C) رابنز Robbins (D) پیگو Peigou

-14 مقدارِ طلب تفاعل ہے:
**The quantity demand is a function of:**

(A) بچت کا Saving (B) قیمت کا Price (C) صرف کا Consumption (D) منافع کا Profit

-15 جب کل افادہ گرتا ہے تو مختتم افادہ ہوتا ہے:
**When total utility declines then marginal utility goes:**

(A) زیادہ سے زیادہ ہوتا ہے Maximum (B) کم ہوتا ہے Minimum
(C) منفی ہوتا ہے Negative (D) مثبت ہوتا ہے Positive

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| -1 D | -2 C | -3 A | -4 A | -5 C | -6 B | -7 C | -8 D |
| -9 B | -10 D | -11 C | -12 A | -13 A | -14 B | -15 C | |

## انشائی طرز

Roll No. ______ اُمیدوار خود پُر کرے

*Inter-(Part-I)-A-2024*
(For all sessions)

اصولِ معاشیات
وقت: 2:10 گھنٹے
**(حصہ اوّل)**
کل نمبر: 60

**سوال 2:** درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **6 × 2 = 12**
**Write short Answers of any six parts from the following.**

(i) صرفِ دولت سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by consumption of wealth?**

جواب: صرفِ دولت سے مراد دولت کو کس طرح سے خرچ کیا جاتا ہے۔ دولت کا وہ حصہ جو ہم ضروریاتِ زندگی پر خرچ کرتے ہیں وہ صرفِ دولت کہلاتا ہے۔

Consumption of wealth refers to how wealth is spent. The part of wealth that we spend on necessities of life is called consumption of wealth.

(ii) علم الہدایت سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by normative science?**

جواب: اس سے مراد وہ علم ہے جس میں حالات وواقعات کو ایک خاص زاویہ نگاہ سے پرکھا جائے اور یہ فیصلہ کیا جائے کہ انہیں یوں ہونا چاہیے مثلاً غربت کی بجائے خوش حالی ہونی چاہیے، ملک کے ہر فرد کو روٹی، کپڑا اور مکان ملنا چاہیے، آمریت کی بجائے جمہوریت ہونی چاہیے۔

It refers to the science in which situation and events are examined from a particular perspective and it is decided that they should be like this, for example. There should be happiness instead of poverty, every individual living in the country should be provided with bread, clothing and accommodations instead of imperialism, there should be democracy in the society.

(iii) نیو کلاسیکی مکتبِ فکر سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by new classical school of thought?**

جواب: ایڈم سمتھ کی معاشیات کی تعریف میں جو خامیاں رہ گئی تھیں انھیں دُور کرنے کے لیے ڈاکٹر مارشل نے نئے سرے سے معاشیات کی تعریف کی اور وہ نوکلاسیکی مکتبہ فکر کے بانی کہلائے۔

ڈاکٹر مارشل کے مطابق معاشیات مادی فلاح کا علم ہے جس میں اس چیز کا مطالعہ کیا جاتا ہے کہ خوش حال زندگی گزارنے کے لیے مادی لوازمات کیسے حاصل کیے جائیں گے اور انھیں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

To remove the flaws left in the definition of economics by Adam Smith, Dr. Marshall defined economics a new and called him the founder of neo-classical thought. According to Dr. Marshall, economics is the science of material well-being, which studies how to obtain and use material necessities for a prosperous life.

(iv) طلب کے پھیلنے اور سکڑنے میں فرق واضح کیجیے۔
**Differentiate between expansion and contraction of demand.**

جواب: قانونِ طلب کی رو سے جب کسی شے کی قیمت کم ہو جاتی ہے تو اس کی طلب بڑھ جاتی ہے اسے طلب کا پھیلنا کہتے ہیں جبکہ قانونِ طلب کی رو سے جب کسی شے کی قیمت زیادہ ہوتی ہے تو اس کی طلب کم ہو جاتی ہے اسے طلب کا سکڑنا کہتے ہیں۔

Due to the law of demand, when the price of a commodity decreases, its demand increases, it is

called expansion of demand whereas Due to the law of demand, when the price of a commodity increases, its demand decreases, it is called a contraction of demand.

(v) طلب کی نقطی لچک کا فارمولا تحریر کیجیے۔
**Write the formula of point elasticity of demand.**

جواب: فارمولا: $E_d = \frac{\Delta q}{\Delta P} \times \frac{P}{q}$

**Formula:** $E_d = \frac{\Delta q}{\Delta P} \times \frac{P}{q}$

(vi) رسد کی لچک کے تصور کی وضاحت کیجیے۔
**Explain the concept of elasticity of supply.**

جواب: رسد کی لچک سے مراد کسی شے کی رسد میں تبدیلی کی وہ شرح لی جاتی ہے جو شے کی قیمت میں کمی بیشی کی وجہ سے وجود میں آتی ہے۔

Elasticity of supply refers to the rate of change in the supply of a good that occurs due to change in the price of goods.

(vii) نعم البدل اشیاء سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by substitute goods?**

جواب: ایسی اشیا جن کے نعم البدل/منڈی میں موجود ہوتے ہیں ان کو نعم البدل اشیا کہا جاتا ہے۔

The commodities whose substitutes are available in the market they are called substitute goods.

(viii) صارف کے توازن کے تصور کی وضاحت کیجیے۔
**Explain the concept of consumer equilibrium.**

جواب: جب صارف اپنی محدود رقم کو مختلف اشیا پر اس طرح خرچ کرے کہ اس کو ان اشیاء سے زیادہ سے زیادہ افادہ حاصل ہو تو صارف کا توازن کہلاتا ہے۔

When the consumer spends his limited money on various goods in such a way that he gets maximum utility from those goods, then is called consumer equilibrium.

(ix) صفر افادہ سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by zero utility?**

جواب: جب کسی شے کو صرف کرنے کی خواہش مکمل طور پر پوری ہو جائے اور شے کی مزید اکائی صرف کرنے کی خواہش باقی نہ رہے تو افادہ صفر ہو جاتا ہے۔

When the desire to consume a commodity is completely satisfied and no desire to consume the more items, then utility becomes zero.

**سوال 3:** درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ **6 × 2 = 12**

**Write short Answers of any six parts from the following:**

(i) مصارف پیدائش کی تعریف کریں۔
**Define costs of production.**

جواب: کوئی فرم جن عاملین پیدائش کی خود ہی مالک ہو اور خود ہی انہیں کاروبار میں استعمال کرے تو ان عاملین کے اندازاً معاوضوں کو مضمر مصارف کہا جاتا ہے۔ مضمر مصارف میں فرم کے مالک کی اپنی محنت کا معاوضہ، اس کے اپنے سرمائے کا سود، اپنی زمین کا لگان اور تنظیم کا منافع وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔

If a firm owns the factors of production and uses them in business, then the remuneration of these factors is called implicit costs. Implicit cost includes compensation of the owner of the firm for his own labour, interest on his own capital, rent on his land and profits of the organization etc.


(ii) متبادل مصارف سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by opportunity costs?**

جواب: متبادل مصارف سے مراد وہ رقم ہے جو کسی عامل پیدائش کو متبادل استعمال سے ہٹا کر کسی مخصوص استعمال کی طرف راغب کرنے کے لیے ادا کرنی ضروری ہو۔

Opportunity costs refers to the amount paid to divert a factor from an exchange use to a specific use necessarily.

(iii) اجارہ داری کے تحت اوسط وصولی اور مختتم وصولی کے خطوط کا اظہار کریں۔
**Draw average and marginal revenue curves under monopoly.**

جواب:




(iv) قانون تقلیل حاصل کا گوشوارہ بنائیے۔
**Make a schedule of law diminishing return.**

جواب:

| مختتم پیداوار | کل پیداوار | متغیر عاملین (محنت و سرمایہ) کی اکائیاں | معینہ عامل (زمین) |
|---|---|---|---|
| 40 من | 40 من | 1 | 10 ایکڑ |
| " 30 | " 70 | 2 | " |
| " 20 | " 90 | 3 | " |
| " 10 | " 100 | 4 | " |

(v) قانونِ تقلیل حاصل کو کیوں قانونِ تکثیر مصارف بھی کہتے ہیں؟

**Why is law of diminishing return called law of increasing cost?**

جواب: جب پیداوار کا عمل قانون تقلیل حاصل کے تحت ہوتا ہے یعنی مختتم پیداوار گرتی ہے تو مختتم مصارف فی اکائی بڑھتے جاتے ہیں اس لیے قانونِ تقلیل حاصل کو قانونِ تکثیر مصارف بھی کہا جاتا ہے۔

When production process is under law of diminishing return, the marginal product falls and per unit marginal costs increase. That's why law of diminishing return is also called law of increasing costs.

(vi) معمولی نقصان اور غیر معمولی نقصان میں کیا فرق ہے؟

**What is difference between normal loss and abnormal loss?**

جواب: معمولی نقصان : فرم اپنے متغیرہ مصارف پورے کر رہی ہوتی ہے اور کچھ حصہ معینہ مصارف کا بھی پورا کر رہی ہوتی ہے جب معینہ مصارف کا کچھ حصہ نقصان کی صورت میں برداشت کرتی ہے تو اس نقصان کو معمولی نقصان کہتے ہیں۔

**Normal loss:** A firm is meeting its variable cost and partially meeting fixed cost when portion of fixed cost is incurred as a loss if it bears, then this loss is normal loss.

غیر معمولی نقصان: یہ فرم کے توازن کی ایسی صورت حال ہوتی ہے کہ قیمت فرم کے اوسط متغیرہ مصارف کے برابر ہوتی ہے یعنی فرم کے متغیرہ مصارف ہی پورے ہوتے ہیں اور فرم کا نقصان کل معینہ مصارف کے برابر ہوتا ہے اس نقصان کو غیر معمولی نقصان بولتے ہیں۔

**Abnormal loss:** It is a situation of equilibrium of the firm in which the price is equal to the average variable costs of the firm i.e. Only the variable costs of the firm are covered and the loss of the firm is equal to the total fixed cost, this loss is called abnormal loss.

(vii) کیا اجارہ دار فرم ہمیشہ غیر معمولی منافع کماتی ہے؟

**Does a monopolist firm always earns abnormal profit?**

جواب: اجارہ داری میں آجر کو کسی اور فرم کا مقابلہ نہیں کرنا پڑتا اس لیے عام طور پر تصور کیا جاتا ہے کہ اجارہ دار اپنی شے کی زیادہ سے زیادہ قیمت وصول کر کے غیر معمولی منافع کماتا ہے۔

In a monopoly, the employer does not have to competition with another firm, So, it is generally assumed that the monopolist can charge the maximum price for its product earns abnormal profit.

(viii) نظریہ تقسیم دولت سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by factors pricing?**

جواب: دولت کو چار عوامل مل کر پیدا کرتے ہیں اور دولت ان چار عوامل میں ہی تقسیم ہوتی ہے۔ زمین کا معاوضہ، لگان، محنت کی اجرت، سرمائے کا سود اور تنظیم کا منافع دیا جاتا ہے اس کو نظریہ تقسیم دولت کہتے ہیں۔

Wealth is created by four factors and wealth is distributed among these four factors. Land compensation, labour wages, interest on capital and the profit of the organization is given this is called the theory of factors pricing.

(ix) عاملین پیدائش کے معاوضوں کے جدید نظریہ کی تعریف کریں۔

**Define the modern theory of factor pricing.**

جواب: عاملین پیدائش کے معاوضوں کے جدید نظریے کے مطابق پر عاملین پیدائش کے انفرادی مصارف پر اس وقت غور کرنا چاہیے جب کسی اشیا یا خدمت کی قیمت متعین کرنی ہو۔

The theory of factor pricing suggests that the individual costs for each factor must be considered when calculating prices for a product or service.

**سوال 4:** درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ **6 × 2 = 12**

**Write short Answers of any six parts from the following:**

(i) خام ملکی پیداوار کا مفہوم بیان کریں۔

**Describe Gross Domestic Product.**

جواب: کسی ملک کے افراد ایک سال کے دوران استعمال کی جتنی بھی اشیاء و خدمات اندرون ملک پیدا کرتے ہیں ان کی بازاری مالیت کو خام ملکی پیداوار کہتے ہیں۔ خام ملکی پیداوار = خام قومی پیداوار - خالص بیرونی آمدنی

All goods and services consumed by the people of a country during the year within the country their market value is called gross domestic product.

Net National Product = Gross National Product – Net Foreign Income

(ii) انتقالی ادائیگیوں سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by transfer payments?**

جواب: انتقالی ادائیگیاں وہ رقومات ہوتی ہیں جو کسی شخص کو بغیر محنت کئے حاصل ہوتی ہیں مثلاً بے روزگاری الاؤنس، زکوٰۃ، خیرات، پنشن، وظیفہ اور تحائف وغیرہ۔

Transfer payments are the amounts that a person receives without working hard like unemployment allowance, zakat, charity, pension, stipend and gifts etc.

(iii) پروفیسر کراؤتھر کے الفاظ میں زر کی تعریف بیان کریں۔ Describe money in the words of Prof. Crowther.

جواب: ''ہر وہ شے زر کہلاتی ہے جسے آلہ مبادلہ کی حیثیت سے قبولیت عامہ حاصل ہو اور جو ساتھ پیمائش قدر اور ذخیرہ قدر کا کام سرانجام دے''۔

Each of the thing is called a money which is generally accepted as a medium of exchange and which also resources as a measure of value and store of value.

(iv) افراطِ زر کے چار اثرات بیان کریں۔ Discuss four effects of inflation.

جواب: 1- اشیاء کی طلب میں اضافہ 2- آبادی میں اضافہ 3- مقدار زر میں اضافہ 4- مصارف پیدائش میں اضافہ

1. Increase in the demand of goods
2. Increase in population
3. Increase in the quantity of money
4. Increase in costs of production

(v) ایک تجارتی چکر کے ادوار کے نام تحریر کیجیے۔ Write names of phases of a trade cycle.

جواب: ایک تجارتی چکر کے درج ذیل چار ادوار ہوتے ہیں: A business cycle has the following four phases:

1- سرد بازاری 2- بحالی 3- گرم بازاری 4- پس روی

1. Depression 2. Recovery 3. Boom 4. Recession

(vi) بین الاقوامی تجارت کا مفہوم بیان کیجیے۔ Describe international trade.

جواب: دو مختلف ممالک کے باشندوں کے درمیان ہونے والی تجارت کو بین الاقوامی تجارت کہتے ہیں۔

The trade between the residents of two different countries is called international trade.

(vii) توازن ادائیگی سے کیا مراد ہے؟ What is meant by balance of payments?

جواب: کسی ملک کی ایک سال کے عرصے میں ہونے والی تمام مرئی وغیر مرئی برآمدات اور تمام مرئی وغیر مرئی درآمدات کا حساب کتاب توازن ادائیگی کہلاتا ہے۔

A country's balance of payments accounts for all tangible and intangible exports and all tangible and intangible imports in a year is called balance payment.

(viii) سرکاری و نجی مالیات میں فرق بیان کریں۔ Differentiate between public and private finance.

جواب: سرکاری مالیات کا تعلق حکومت کی آمدنی اور اخراجات سے ہوتا ہے جبکہ نجی افراد کی آمدنی و خرچ کے حساب کتاب کا مطالعہ نجی مالیات کہلاتا ہے۔

The concern of government revenue and expenditure is called public finance whereas the study of accounting of income and expenditure of individuals is called private finance.

(ix) ایڈم سمتھ کے بیان کردہ ٹیکس کے اصول بتائیں۔ Describe the canons of taxation stated by Adam Smith.

جواب: 1- اصول مساوات 2- اصول تیقن 3- اصول سہولت 4- اصول کفایت

1. Canon of Equality
2. Canon of Certainity
3. Canon of Convenence
4. Canon of Economy

## (حصہ دوم)

نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 3 × 8 = 24

**Note: Answer any three questions from the following.**

**سوال 5:** قانون طلب کی وضاحت بذریعہ گوشوارہ اور ڈائیگرام کریں۔

**Explain the law of demand with the help of schedule and diagram.**

**سوال 6:** مکمل مقابلہ کے تحت فرم کی اوسط وصولی، کل وصولی اور مختتم وصولی کا گوشوارہ اور ڈائیگرام سے جائزہ لیں۔

**Analyze average revenue, total revenue and marginal revenue with schedule and diagram of a firm under perfect competition.**

**سوال 7:** مکمل مقابلہ میں شامل کسی بھی فرم کے عرصہ قلیل کے توازن کی کوئی سی دو صورتوں کی وضاحت کیجیے۔

**Explain any two types of equilibrium conditions of a perfectly competitive firm, in short run.**

**سوال 8:** نظریہ مقدار زر کی وضاحت تفصیل سے کیجیے۔

**Explain in detail the quantity Theory of Money.**

**سوال 9:** زکوٰۃ اور ٹیکس میں فرق کی وضاحت کیجیے۔ **Differentiate between Zakat and Tax.**

CamScanner